ہوئی تھی ... میں جامعہ عثمانیہ میں انگریزی کا ریڈر اور جز وقتی پرائیویٹ سیکرٹری تھا ... جو نظام کی بہو اور ... عثمان علی خان ... عبدالمجید خان کی صاحبزادی

آئے تھے جن کی صدارت کے لئے انہوں نے نواب بہادر یار جنگ کا انتخاب کیا تھا اگرچہ حکومت کے گیسٹ ہاؤس میں ٹھہرائے گئے تھے لیکن نظام حیدرآباد میر عثمان علی خان سے ان کی ملاقات کامیاب نہیں رہی

نظام حیدرآباد ہمیشہ قائداعظم سے جلتے رہے

اسی طرح وہ اپنے آپ کو اقبال کا قدر شناس اور بشاشت عزیز سمجھتے تھے اور باوجود مہاراجہ کشن پرشاد کی ذاتی دوستی کے اقبال کو حیدرآباد سے کبھی مالی امداد نہ مل سکی۔ اس کے برعکس

نواب بھوپال حمید اللہ خان کو قائداعظم اور اقبال دونوں سے عقیدت تھی

میں نے دوسری مرتبہ قائداعظم کو دہلی



میں) کا پرائیویٹ سیکرٹری تھا شہزادہ ... صاحب کے ساتھ میں دہلی گیا ہوا تھا۔ اس ہفتے برٹش لیبر گورنمنٹ کا کیبنٹ مشن (CABINET MISSION) کے لئے شملہ گیا ہوا تھا اور طرح طرح کی خبریں گرم تھیں کہ ہندوستان کے مستقبل کا کیا تصفیہ ہوتا ہے، پاکستان بنتا ہے یا نہیں۔ میرے دل میں بیٹھے بیٹھے خیال آیا کہ CABINET MISSION شملہ گیا ہوا ہے ممکن ہے قائداعظم کو کچھ فرصت ہو اور ان سے ملنے کا موقع مل جائے۔

ساڑھے چار بجے کے قریب ان کی اورنگ زیب روڈ والی کوٹھی پہنچ کے میں نے اپنا کارڈ بھیجا مجھے کوئی توقع نہ تھی لیکن بیرے نے آ کے کہا کہ جناح صاحب آپ کو یاد فرماتے ہیں۔ قائداعظم اپنے ڈرائنگ روم میں تشریف فرما تھے جس میں بیش قیمت ایرانی قالین بچھے ہوئے اور جو بڑے سلیقے سے آراستہ تھا۔ اس وقت بھی وہ ٹھنڈا ہلکا سوٹ پہنے ہوئے تھے اور چائے پی رہے تھے۔

قائداعظم نیلے کلر میں ٹھنڈا سوٹ پہنے ہوئے تھے اور چائے پی رہے تھے

مجھ سے ہاتھ ملا کے انہوں نے بیٹھنے کا اشارہ کیا اور بیرے نے مجھے چائے بنا کے دی۔ قائداعظم مجھ سے حیدرآباد کے حالات پوچھنے لگے جہاں نظام نے سر مرزا اسماعیل کو صدر اعظم (چیف منسٹر) بنا رکھا تھا جو اس سے پہلے ریاست میسور میں بہت عرصہ تک دیوان رہ چکے تھے اور اپنی ہندو نوازی کے لئے مشہور تھے۔ میری کسی طرح ہمت نہ پڑی کہ ان سے کیبنٹ مشن سے جو گفتگو ہو رہی تھی اس کے متعلق کچھ پوچھ سکوں ڈرتے ڈرتے میں نے صرف اس قدر پوچھا کہ کیا اس کی کوئی امید ہے کہ اگر پاکستان بنا تو بنگال یا پنجاب پورے مل سکیں گے یا ان کی بھی تقسیم ہو جائے گی؟ فرمانے لگے ... کے بیانات تو تم پڑھ ہی چکے ہو میں نے کہا کہ ... میں سکھ ...

ہیں اور مسلمانوں کے قتل عام کی تیاری کر رہے ہیں فرمانے لگے کہ طرح طرح کی افواہیں ہیں۔ جب وقت آئے گا میں ہدایت کروں گا کہ کیا کرنا چاہیے۔ اس کے بعد وہ پھر حیدرآباد کے متعلق باتیں کرنے لگے۔ تھوڑی دیر بعد میں اجازت لے کر چلا آیا۔

ہندوستان میں محض ہندو کی حکومت ہوگی

تیسری بار میں نے قائداعظم کو جون ۱۹۴۷ء میں دیکھا۔ لارڈ ماؤنٹ بیٹن کی تجویز کہ برصغیر کی تقسیم ہو جائے گی۔ کانگرس اور سکھوں نے مان لی تھی اور قائداعظم نے مسلم لیگ کی طرف سے اس شرط کے ساتھ قبول کر لی تھی کہ

مسلم لیگ کونسل اس کی توثیق کر دے گی چنانچہ دلی میں مسلم لیگ کونسل کا جلاس امپیریل ہوٹل میں ہو رہا تھا میں اور تماشائیوں کے ساتھ ہوٹل کی لابی (LOBBY) میں کھڑا تھا۔ قائداعظم مس فاطمہ جناح اور ان کے ساتھ مسلم لیگ کونسل کے بہت سے ارکان اور مسلم لیگ کے بہت سے نوجوان والنٹیر اندر داخل ہوئے۔ اس وقت قائداعظم ہلکی شیروانی اور جناح کیپ پہنے ہوئے تھے جب وہ (LOBBY) سے گزر رہے تھے کچھ پیچھے بعض جوشیلے والنٹیرز نے نعرہ لگایا "شہنشاہ پاکستان زندہ باد" قائداعظم فوراً پلٹ کر ان والنٹیروں کو ڈانٹا کہ یہ نعرہ مت لگاؤ۔ پاکستان جمہوری ملک ہوگا۔ اور وہاں کوئی شہنشاہ نہیں ہوگا۔ قائداعظم اور مسلم لیگ کونسل کے ارکان اس ہال میں چلے گئے جہاں پاکستان کے قیام کے مسئلے پر کونسل کو توثیق کرنی تھی۔ میں پاس ہی تماشائیوں کے کمرے میں بیٹھا رہا جہاں دوپہر کے کھانے کے وقت کچھ ارکان کونسل واپس آئے۔ یہیں خاکساروں کی یورش کا بھی حال سنا اور یہ خبر بھی پائی کہ باستثنائے مولانا حسرت موہانی مسلم لیگ کونسل کے تمام اراکین نے ماؤنٹ بیٹن (PLAN) کو قبول کر لیا ہے اور پاکستان بنے گا۔

۱۹۴۸ء کی ایک صبح کو منحوس خبر سنی

۱۹۴۸ء میں ایک منحوس صبح کو میں حیدرآباد میں تھا اور عثمانیہ یونیورسٹی کے (CAMPUS) کے ایک سرکاری مکان میں رہتا تھا صبح کے آٹھ بجے میں ٹہل کے واپس آ رہا تھا کہ ایک اور پروفیسر صاحب ملے اور انہوں نے کہا "ابھی ابھی ریڈیو پر بڑی افسوس ناک خبر سنی ہے۔ جناح صاحب کا انتقال ہو گیا۔" دس بجے کے قریب میں یونیورسٹی پہنچا تھا کہ ایک دوسرے مسلمان پروفیسر صاحب نے کہا۔ "ابھی ابھی میں نے ریڈیو پر خبر سنی ہے کہ آج صبح سویرے ہندوستان کی فوج نے چاروں طرف سے حیدرآباد پر حملہ کر دیا ہے" جس دن قائداعظم کا انتقال ہوا اس کے تیسرے روز حیدرآباد کی اسلامی ریاست بھی ختم ہو گئی۔



پروفیسر عزیز احمد






بانیٔ پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے چند تاریخی تصویریں



قائداعظم محمد علی جناح
اپنے خاندانی لباس میں



قائداعظم پاکستان کے قبائلیوں کے ساتھ




اگست ۱۹۴۷ء کو قائداعظم اور خاتونِ پاکستان پہلی مرتبہ سرزمینِ پاکستان پر قدم رکھ رہے ہیں





قائداعظم محمد علی جناح آل انڈیا ریڈیو سے تقریر کر رہے ہیں!





قائداعظم محمد علی جناح

جنھوں نے دس کروڑ شکست خوردہ افراد کی مایوسیوں کو کامرانیوں سے بدل دیا

(اپنوں اور بیگانوں کی نظر میں)

مولانا محمد علی جوہر

قائدِ اعظم کی قیادت ... سے زیادہ ... کوئی دوسری شخصیت نہیں

علامہ اقبال

ہندوستان میں بحیثیت مسلمان آپ (قائداعظم) ہی کی واحد ہستی ہے جس سے ملت کو یہ توقع وابستہ کرنے کا حق حاصل ہے کہ شمال مغربی یا شاید پورے ہندوستان میں جو سیلاب آرہا ہے اس میں ملت کی صحیح رہنمائی فرمائیں گے۔

مولانا شبیر احمد عثمانی مرحوم

شہنشاہ اورنگ زیب کے بعد ہندوستان نے اتنا بڑا مسلمان پیدا نہیں کیا جس کے غیر متزلزل ایمان اور اٹل ارادے نے دس کروڑ شکست خوردہ افراد کی مایوسیوں کو کامرانیوں میں بدل دیا۔

سر آغا خان

مجھے اپنی زندگی میں بے شمار سیاست دانوں سے سابقہ پڑا لائڈ جارج۔ چرچل۔ کرزن۔ مسولینی۔ مہاتما گاندھی

لارڈ ...

ان کا خلوص۔ ان کی صداقت۔ دیانت داری۔ کردار کی پختگی۔ انسانی حقوق اور انسانی سرشت کے وقار پر ان کا حقیقی اعتقاد اور دل سوزی ... اور قوانین کا شعور ایسی خصوصیات تھیں جنھوں نے ان کو عوام کا ایک مثالی قائد بنا دیا تھا۔ لیکن یقین محکم اور ناقابلِ تسخیر جرأت دو ایسی خصوصیات تھیں جنھوں نے پاکستان کے خواب کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے میں ناقابلِ عبور رکاوٹوں کو عبور کرنے میں ان کی مدد کی۔

خواجہ ناظم الدین

دنیا میں ایسی ہستیاں کم پیدا ہوتی ہیں جن کو خاص و عام نے اس قدر عقیدت و احترام اور خلوص و محبت کا نذرانہ پیش کیا ہو۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ قائداعظم نے اپنی زندگی کو قوم کے لیے وقف کر دیا تھا۔ قوم کی خدمت اور قوم کی محبت یہی ایک جذبہ تھا جو ان کی ساری زندگی پر حاوی رہا۔ ان کی سب سے بڑی خوبی یہ تھی کہ کوئی لالچ اور کوئی خوف انھیں ان کے راستے سے نہیں ہٹا سکتا تھا۔



تقسیم ہند سے پہلے۔ قائداعظمؒ اور مسٹر گاندھی تفریحی موڈ میں

میاں بشیر احمد

قائداعظمؒ کی زندگی ہمیشہ کسی نہ کسی بلند نصب العین کے حصول کے لیے مصروفِ کار رہی۔ انھوں نے جو کچھ کیا خلوص سے کیا جو کچھ محسوس کیا اسے دوست و دشمن دونوں کے سامنے برملا کہا۔

ابوالاثر حفیظ جالندھری

اس کی نگاہ ظلم شکن برق پاش تھی
سیلاب بے پناہ میں ساحل تراش تھی
کشتی میں تھا وہ عزم کو دریا لیے ہوئے
کشتی کو ڈوبنے سے بچاتا ہوا بڑھا
ملت کے حوصلوں کو بڑھاتا ہوا بڑھا

نظام حیدرآباد میر عثمان علی خان

آغا خان ... وزیر اعظم ...

قائداعظمؒ اتحاد، یقین محکم اور تنظیم کے اصول کا پیکر تھے۔ مرحوم ان تین صفات کی اہمیت واضح کی۔ وہ ملت کے جذبۂ عمل کا سرچشمہ تھے۔ اور ان کی تعلیمات واضح اور محکم اصولوں پر مبنی تھیں۔ انھوں نے اپنے پیروؤں کو سیاست اور حب الوطنی کی ایسی تربیت دی کہ ان کی وفات پر پاکستان کو ضعف نہیں پہنچا۔ بلکہ پاکستان زندگی کے ہر شعبے میں برابر ترقی کر رہا ہے۔ اور آج پاکستان سیاسی، اقتصادی اور دفاعی اعتبار سے پہلے سے کہیں زیادہ مستحکم ہے اور یہ استحکام ... ہے۔

...

قائداعظمؒ کی شخصیت آئندہ نسلوں کے لیے ... ان کی زندگی۔ محمد علی جناح عظیم الشان ملک کے ... کی مانند ہیں۔ جن کی روشنی ہم تک بعید القیاس فاصلے طے کر کے پہنچی ہے۔

گاندھی جی

قائداعظم کو کوئی خرید نہیں سکتا ...

... سکتا ہے

ڈاکٹر امبیدکر

یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ جناح کسی قیمت پر بھی برطانیہ کے آلۂ کار نہیں بن سکتے۔ ان کے بڑے سے بڑے دشمن کو بھی تسلیم کرنا پڑے گا کہ وہ کسی قیمت پر بھی خریدے نہیں جا سکتے۔

مسز سروجنی نائیڈو

(۱) ہماری قومی جد و جہد اور نازک حالات میں جناح ہندوستان کا ... (ہندو مسلم) ... کی حیثیت سے شہرت حاصل کرے گا۔

(۲) قسمت نے جناح کو قیادت کے لیے پیدا کیا ہے دوسروں کے ساتھ جنگِ آزادی میں راستہ بنانے کے لیے مسلمانوں کو مسٹر جناح جیسے قائد کی سخت ضرورت ہے انھیں چاہیے کہ پورے ملک کی متحدہ قیادت کریں تاکہ بھارت کے ایک عہد ساز کی حیثیت سے ہمیشہ یاد کیے جائیں۔

راؤ بہادر راجہ

تمام مذاہب کا نظریہ یہ ہے کہ خدا تعالیٰ ایسے افراد کو دنیا میں بھیجتا ہے۔ جن کی پیروی میں لوگ اپنی نجات سمجھتے ہیں۔ میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ مسٹر جناح بھی ان میں سے ایک ہیں جو ہندوستانی مسلمانوں کے لیے باعثِ رحمت بن کر آئے ہیں۔

کرشن گوپال گوکھلے

محمد علی جناح میں وہ تمام صفات موجود ہیں جو ایک عالم شہرت رہنما میں ہونی چاہئیں ان کی عظیم شخصیت فرقہ وارانہ عصبیت اور مذہبی دیوانگی سے پاک ہے۔

جنرل اسمٹس

گزشتہ چند ماہ میں نئی مملکت پاکستان ... سامنا کرنا پڑا۔ لیکن قائداعظم نے اپنی عظیم پالیسی سے اس کو دلدل سے نکال دیا

جان گنتھر

مسٹر جناح کی زبان ... جب ان کے ہونٹوں سے یہ الفاظ نکلتے ہیں۔ پاکستان ہمارا ملک ہے ہم اسے حاصل کر کے رہیں گے یا دینِ اسلام پر قربان ہو جائیں گے تو دس کروڑ مسلمان ... اٹھتے ہیں۔ "پاکستان زندہ باد"

لارڈ ماؤنٹ بیٹن

میں متحدہ ہندوستان کا زبردست حامی تھا لیکن محمد علی جناح کی غیر متزلزل اور مضبوط شخصیت میرے ارادے میں سب سے بڑی رکاوٹ تھی۔



جناح
برطانوی امپیریلزم کی
زنجیر کی کڑی کڑی سے
واقف ہے ۔ اقبال

قائدِ اعظم

نفس نفس میں تجلی، نظر نظر میں چراغ — جمال و نور کا طوفاں اٹھا دیا جس نے
وہ نرم نرم تبسم، وہ گرم گرم سخن — نیاز و ناز کا عالم دکھا دیا جس نے

روش روش پہ وہ دوڑا چمن چمن میں گیا — وہ ایک برقِ مسلسل وہ ایک سوزِ دوام
وہ شاخ شاخ پہ لپکا وہ ڈال ڈال پھرا — وہ زندہ رنگِ صداقت وہ رخِ حسنِ تمام
کبھی وہ خرمنِ نفرت پہ برق بن کے گرا — کبھی وہ بزمِ محبت میں ماہ پارا بنا
کبھی وہ اشک بنا بے کسوں کی آنکھوں کا — کبھی یہ نورِ یقیں دل میں خسلد آرا بنا

اسی کے سوز نے دامِ قفس کو پھونک دیا — اسی کے حسن نے گلشن میں نور پھیلایا
اسی نے مردہ خیالوں کو روشنی بخشی — اسی نے سرد دماغوں کو پھر سے گرمایا
اسی سے آگ لگی برہمن کی کٹیا میں — اسی نے خانۂ افرنگ پھونک پھونک دیا
ہوئی اسی سے ضیا تاب شمعِ آزادی — دہی جمالِ سحر بن کے چار سو پھیلا
اسی سے بزمِ تجلی میں انقلاب ہوا — بنا وہ شعلۂ گلرنگ قائدِ اعظم
نظر کا سوز، جگر کا فروغ، دل کا جمال — ظہورِ حسن کا گلشن کہاں کہاں نگرم

نفس نفس میں تجلی، نظر نظر میں چراغ
جمال و نور کا طوفاں اٹھا دیا جس نے

...

قائداعظمؒ کی جمہوریت نوازی

الہ آباد میں مسلم لیگ کا سالانہ اجلاس ہو رہا تھا جس میں مولانا حسرت موہانی جو حق گوئی و بیباکی کے علمبردار تھے قائداعظمؒ سے اختلاف رائے کر رہے تھے۔ سامعین مولانا حسرت موہانی کی تقریر کے خلاف ہنگامہ آرا تھے۔ جلسہ میں ایک شور تھا۔ قائداعظمؒ کرسی صدارت پر جلوہ افروز تھے جب جلسہ کے لوگ اس شور کو دور نہ کر سکے تو قائداعظمؒ اٹھے اور حاضرین کو مخاطب ہو کر ارشاد فرمایا جب تک آپ مولانا حسرت موہانی کی بات خاموشی اور سکون سے نہ سنیں گے جلسہ کی مزید کارروائی نہ ہوگی۔ مولانا حسرت موہانی کی تقریر سننا ضروری ہے وہ مجھ سے اختلاف رکھتے ہیں لیکن انہیں اظہار رائے کا پورا حق ہے۔ جلسہ پر سکوت طاری ہو گیا اور مولانا حسرت موہانی نے بڑی بے باکی اور جرأت مندی سے اپنے خیالات پیش کیے۔ انہوں نے قائداعظمؒ سے اختلاف کیا۔ قائداعظمؒ نے مولانا حسرت موہانی کی تنقید کو بڑی خوش دلی سے سنا۔

دہلی میں آل انڈیا مسلم لیگ کونسل کا اجلاس جاری تھا۔ حمید نظامی مرحوم نے اپنی تقریر میں قائداعظمؒ سے اختلاف کیا۔ حمید نظامی کا شمار قائداعظمؒ کے نیاز مندوں میں ہوتا تھا مگر انہوں نے اپنے نیاز کو ناز سے بدلا اور اپنے سیاسی رہنما سے اختلاف کیا۔

حمید نظامی جوان سال تھے۔ ان کے لب و لہجہ میں شدت تھی۔ اجلاس ختم ہو گیا۔ بعض حضرات اور خود حمید نظامی کا خیال تھا کہ قائداعظمؒ ناراض ہوں گے۔ جلسہ کے بعد حمید نظامی قائداعظمؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ تو وہ مسرور و شاداں تھے۔ حمید نظامی سے شفقت و محبت سے پیش آئے اور اپنے افکار و خیالات کو جرأت سے پیش کرنے پر مبارک باد دی۔ اس سے حمید نظامی کا حوصلہ بلند ہوا اور اس نے حق گوئی اور بیباکی کو اپنی زندگی کا شعار قرار دیا۔ قائداعظمؒ حمید نظامی کو ان کی آتش بیانی کی بناء پر آتش نوا سے یاد کرتے تھے۔ قائداعظمؒ فرمایا کرتے تھے کہ کہاں ہے تمہارا آتش نوا۔

قائداعظمؒ نہ صرف خود جمہوریت کے علمبردار اور داعی تھے بلکہ اس پر عمل پیرا بھی ہوتے تھے۔ دنیا نے قائداعظمؒ سے بڑا جمہوری رہنما پیدا نہیں کیا۔ جمہوریت قائداعظمؒ کے رگ و پے میں سرایت کر چکی تھی۔ قائداعظمؒ مسلمانوں کے محبوب رہنما تھے۔ عوام کو ان سے والہانہ عقیدت تھی۔ جمہور کو ان کی شخصیت پر کامل اعتماد تھا مگر قائداعظمؒ خود کبھی کوئی فیصلہ عوام پر مسلط نہ کرتے تھے وہ تمام اہم امور فیصلے کے لیے مسلم لیگ کی کونسل میں پیش کرتے۔ کونسل میں تمام مسائل پر بحث ہوتی اور اراکین کی اکثریت جو فیصلہ کرتی اسے قائداعظمؒ قبول کرتے۔ انتہائی نازک اور مشکل دور میں بھی قائداعظمؒ نے اس جمہوری طرز سے روگردانی نہ کی۔

قائداعظمؒ نے مسلم لیگ کو عوام کی جمہوری جماعت کی صورت دی۔ مسلم لیگ کے سالانہ جلسے منعقد ہوتے اور ان میں قائداعظمؒ کا بطور صدر انتخاب ہوا کرتا تھا۔ قائداعظمؒ تحریک پاکستان کو جمہوری تحریک کہتے تھے اس لیے انہوں نے مسلم لیگ کے اندر بھی جمہوری انداز اختیار کیا۔ ایک بار لاہور میں کسی نیاز مند نے قائداعظمؒ کے ہاتھ چومنے چاہے قائداعظمؒ نے ہاتھ کھینچ لیے اور فرمایا میری پرستش نہ کرو۔ یہ حقیقت بڑی تلخ ہے کہ جمہوریت کا دعویٰ کرنے والوں نے کبھی اپنی سیاسی جماعت میں جمہوریت کو رائج نہیں ہونے دیا۔ ہمارے سامنے کانگریس کی مثال ہے جس کے آمر مطلق گاندھی جی تھے جو کانگریس کے عام رکن بھی نہ تھے اس کے برعکس قائداعظمؒ نے جمہوریت کے پرچم کو سربلند کیا اور مسلمانوں کی رہنمائی کیلئے لازوال مثال قائم کی۔ افسوس قائداعظمؒ کی وفات کے بعد پاکستان کے برسراقتدار طبقہ نے ملک سے جمہوری اقتدار اور جمہوری جماعتوں کو ختم کر دیا اور اس کے جو المناک نتائج رونما ہوئے ان کا ذکر ہمارے لیے سوہان روح ہے۔



جمہوریت کے بارے میں قائداعظمؒ کے بے شمار ارشادات ہیں۔ قائداعظمؒ نے ایک بار ارشاد فرمایا کہ ہماری نجات اخلاق کے ان سنہری اصولوں میں مضمر ہے جو سرور کائنات نے متعین کئے ہیں۔ ہمیں جمہوریت کی بنیاد اسلامی نظریات اور اصولوں پر استوار کرنی چاہیے۔ قادر مطلق نے ہمیں ہدایت کی ہے کہ مملکت کے معاملات کا فیصلہ کرتے وقت ہمیں آپس میں مشورہ کر کے مناسب اقدام کرنا چاہیے۔ دہلی میں صحافیوں سے خطاب کرتے ہوئے قائداعظمؒ نے کہا کہ ہم آج سے تیرہ سو سال قبل جمہوریت کا اعلان کر چکے ہیں۔ قائداعظمؒ نے پاکستان کی افواج سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مجاہدین کو پاکستان کی سرزمین پر اسلامی جمہوریت اسلامی معاشرتی عزم اور اسلامی اصولوں کی پاسبانی کا فریضہ سرانجام دینا ہے۔

شہری آزادی جمہوریت کیلئے ضروری ہے۔

قائداعظمؒ شہری آزادیوں کے علمبردار تھے جب بھی شہری آزادیوں پر کوئی وار ہوا وہ سینہ سپر ہو گئے۔ ۱۹۱۹ میں حکومت نے رولٹ ایکٹ نافذ کیا جس سے شہری آزادی سلب ہو گئی قائداعظمؒ نے نہ صرف رولٹ ایکٹ پر شدید نکتہ چینی کی بلکہ احتجاج کے طور پر امپیریل لیجسلیٹو کونسل سے مستعفی ہو گئے۔

۱۹۴۷ کے اوائل میں پنجاب مسلم لیگ نے شہری آزادیوں کے لئے سول نافرمانی کی تحریک شروع کی۔ قائداعظمؒ نے اس تحریک کی حمایت کرتے ہوئے پنجاب کے مسلمانوں [illegible]

[illegible] جمہوریت کا لازمہ ہے قائداعظمؒ آزادی صحافت کے پرجوش حامی تھے۔ بمبئی میں مسلم صحافیوں سے خطاب کرتے ہوئے قائداعظمؒ نے فرمایا کہ تنقید صحافی کا حق ہے۔ انہیں اختیار ہے کہ وہ مجھ پر بھی بے شک تنقید کریں۔ الطاف حسین مرحوم ایڈیٹر ڈان کو قائداعظمؒ نے فرمایا کسی موضوع پر غور کرو اور اپنے دل میں فیصلہ کر لو اگر تم اس نتیجہ پر پہنچو کہ ایک خاص تحریر یا اعتراض پیش کرنا ضروری ہے تو بالکل وہی کر ڈالو۔ جو حقیقتاً تم نے محسوس کیا ہے۔ اس خیال سے کبھی پس و پیش نہ کرو کہ کوئی ناراض ہو جائے گا۔ یہاں تک کہ اپنے قائداعظمؒ کی ناراضگی کی بھی پرواہ نہ کرو۔

جمہوریت میں سب سے ضروری چیز عوام کی بالادستی ہے۔ جمہوریت میں افسر شاہی کی گنجائش نہیں ہے۔ قائداعظمؒ نے پاکستان کے سرکاری ملازمین کو خطاب کرتے ہوئے کہا۔ چاہے تم کسی طبقہ، ذات یا فرقہ سے تعلق رکھتے ہو۔ تم سب کے سب پاکستان کے خادم ہو۔ خادم اپنے فرائض کی تکمیل خدمت کر کے ادا کر سکتا ہے وہ دن گئے جب ملک پر افسر شاہی کی حکومت تھی۔ یہ عوام کی حکومت ہے۔ جمہوری اور پارلیمانی اصولوں پر عوام کو جواب دہ ہے۔ پرانی ذہنیت کو ختم کرو۔ تم حکمران نہیں ہو۔ تم خادم ہو۔ عوام کو احساس دلاؤ کہ تم ان کے خادم اور دوست ہو۔ دیانت، امانت انصاف کے بلند ترین معیار قائم کرو۔

قیام پاکستان کے بعد پشاور میں سرکاری افسروں سے گفتگو کرتے ہوئے قائداعظمؒ نے فرمایا پہلی بات جو میں آپ سب کو بتانا چاہتا ہوں یہ ہے کہ آپ کسی سیاسی پارٹی یا کسی ٹولے کے سیاسی دباؤ میں نہ آئیں۔ اگر آپ پاکستان کے وقار اور عظمت میں اضافے کے خواہاں ہیں تو کسی دباؤ کو قبول نہ کیجئے۔ آپ کو سیاسی دھڑے بازیوں سے بالکل الگ رہنا چاہیے۔

۱۹۴۵ء میں ایک انٹرویو میں قائداعظمؒ نے فرمایا مجھے توقع ہے کہ پاکستان میں ایک پارٹی کی حکومت نہیں ہو گی۔ مخالف پارٹیاں برسراقتدار پارٹی کا محاسبہ کرتی رہیں گی۔

قائداعظمؒ نے دہلی میں مسلم لیگ کے جلسہ عام میں خطاب کرتے ہوئے فرمایا۔ میں یہاں جاگیرداروں اور سرمایہ داروں کو انتباہ کرنا چاہتا ہوں جو کہ ایک خراب نظام کی وجہ سے پھل پھول رہے ہیں یہ نظام اس قدر برا ہے اور انہیں اس قدر خود غرض بنا دیتا ہے کہ ان سے مدلل گفتگو کرنا مشکل ہے۔ یہ لوگ غریبوں کا خون چوستے ہیں۔ یہ لوگ اسلام کا سبق بھول گئے ہیں۔ حرص اور خود غرضی کے باعث انہوں نے دوسرے لوگوں کے مفاد کو پس پشت ڈال دیا ہے۔ اگر یہ سرمایہ دار دانش مند ہیں تو نئے حالات کے مطابق اپنے اندر تبدیلیاں کر لیں گے۔ اگر نہیں کریں گے تو خدا حافظ ہم انہیں مدد نہیں دیں گے

اے قائداعظمؒ

نزا ہوا تقسیم کیا اہلِ ہوس نے
وہ اہلِ وطن کو دیا دو گونہ قفس نے
آزادی سے پہلے جو کسک دل میں اُٹھی تھی
اب پھر اُسی جذبہ کو لگے لوگ ترسنے

ماضی، حال، مستقبل

ہل گئی کیوں رشتگاری گیسوئے اسلام سے — ہو گئی وابستگی کیوں غیرت اسلام سے
تفرقے کے دشت میں گم کردہ راہ و تشنہ — ہم وطن میں بے وطن تھے سرزمین ہند پہ
دو بلائیں گھر رہی تھیں ہستی وحدت انگن — سایۂ افرنگ اور سرمایۂ [illegible] ناگہاں
پے بہ پے چاروں طرف سے ابتلاؤں کا ہجوم — ہر قدم اک تہلکہ ہر سانس پر بادِ سموم
بجلیوں کی یاد ہر سو ہوس کی میخوں کا شور — سازش آلودہ نوازش آزمودہ زور کا زور
مشرق و مغرب کی تکیہ ور شیطانی نظام — لے چکے تھے ذہن و فکر و جان و ایماں کو غلام
کام جاتا بھی۔ غلامی۔ بندگی۔ بیچارگی — ذلت آوارگی میں لذت آوارگی
[illegible] بیزاری سے وابستہ تھا — کر کی آزادی کا تھا رشتہ [illegible]

چپ لگی تھی رک گئے بہرے تھے حیرت [illegible]
پھیل گئے تھے ہر طرف سایۂ ظلمت۔ ہم مردہ تھے

جان و دل اس قائداعظمؒ کے قدموں پر نثار — ملتِ مرحوم کو جس نے بنایا [illegible]
سجدہ ہوتی قائداعظمؒ کی آوازِ اذاں — سوئے مسجد جس نے کھینچے [illegible]
مرد مومن شاعر مشرق کا مقصودِ حیات — مصطفےؐ کا معجزہ مجموعۂ ذات و صفات
جاگ اٹھا قلبِ مسلماں میں پھر ایمانِ عمل — جلوہ آرا ہو گیا پھر مہرِ تابانِ عمل
گلشنِ اسلام میں تازہ بہار آ ہی گئی — دستِ ملت میں زمامِ اختیار آ ہی گئی

فرد واحد جس کے دل میں نور تھا ایمان کا
دے گیا تحفہ ہمیں آزاد پاکستان کا

[illegible] — نرگس [illegible]
ارض خاک پاک مشرق سجدہ گاہ اہلِ دیں — [illegible] دشمنوں کی ایڑیوں سے [illegible]

ہوش میں لاتی نہیں اب وحدت ملت کی بات
سرخیاں [illegible] لذت ذلت کی بات

آئینہ [illegible] قائداعظمؒ کی [illegible] — پیروی سے جس کی ہم [illegible]
زندگی لے کر نسیم [illegible] — آسماں سے نصرت پروردگار آ جائے گی

حفیظ جالندھری





بانئ پاکستان حضرت قائد اعظم محمد علی جناح"

"پھول کی پتی سے
کٹ سکتا ہے
ہیرے کا جگر"



وزیر اعظم بھٹو مزید مذاکرات کے لیے کابل جائیں گے

سردار داؤد سے کابل مذاکرات کے جذبے کے تحت ٹھیک ٹھاک بات چیت ہوئی

غیر ملکی نامہ نگار شبر کے اعلامیہ کی غلط توضیح نہ کریں : وزیر اعظم بھٹو

[illegible]

نکلسن کی آخری رسوم ادا کر دی گئیں

[illegible]

بھارت سے آنے والے اخبارات و جرائد اور کتب کی پاکستان میں تقسیم پر پابندی لگا دی گئی

تبادلے میں ملنے والے اخبارات بھی روک لیے گئے

[illegible]

حق رہنما اور ارکان قومی و صوبائی اسمبلی کے خلاف

بلا ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے گئے

[illegible]

غزالہ شاہ کے اغوا اور مجرمانہ حملے کے مقدمے کا چالان عدالت میں پیش کر دیا گیا

پولیس نے مقدمے میں دفعہ جرائم کا اضافہ کر دیا

لاہور ۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) سول لائنز پولیس نے بجلی نوازی کی ۲۰ سالہ طالبہ غزالہ شاہ کو اغوا کرنے اور اس پر مجرمانہ حملے کے مقدمے کا تمام ریکارڈ مکمل کر کے چالان عدالت کے سپرد کر دیا ہے۔ [illegible]



راکنگ چیئر کا بچہ





[illegible]



ڈھاکہ میں بنگلہ شاعر قاضی نذر الاسلام کی نماز جنازہ ادا کی جا رہی ہے ۔

شاہ خالد ۱۰ اکتوبر کو پاکستان آئیں گے

راولپنڈی ۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) سعودی عرب کے شاہ خالد ۱۰ اکتوبر کو پاکستان کے دورے پر راولپنڈی پہنچیں گے۔ [illegible]

کلچرل کمپلیکس کا انتظام فیض احمد فیض کے حوالے کر دیا گیا

[illegible]

شاعر مشرق کے مزار کے گرد حفاظتی دستوں کے لیے چبوترہ تعمیر کیا جائے گا

[illegible]

پاکستان نے گزشتہ برس ۱۰ ارب ۷۶ کروڑ روپے کی اشیا برآمد کیں

آر سی ڈی ممالک کو برآمدات میں ۳۰ کروڑ روپے سے زائد کی کمی ہوئی

[illegible]

ملک سے غیر قانونی طور پر سرمائے کی منتقلی سے پاکستانی روپے کی قیمت گر گئی

خفیہ دولت کے اعلان کے آخری روز ڈالر بارہ روپے میں فروخت ہوتا ہے

بیرون ملک پاکستانیوں کا کمایا ہوا زرمبادلہ ملک میں داخل نہیں ہونے دیا جاتا

[illegible]


۲۷ ہزار روپے کا سمگل شدہ سامان پکڑا گیا

[illegible]

اہل برطانیہ کھاتے کم اور پیتے زیادہ ہیں

لندن ـــــ (رائٹر) کل حکومت برطانیہ کے جاری کردہ ملکی اور اعداد و شمار سے یہ انکشاف ہوا کہ اہل برطانیہ کو جو خوراک نصیب ہو رہی ہے وہ روز بروز ناقص ہوتی جا رہی ہے اور اس کے نتیجے میں ان میں الکحل اور دیگر نشہ آور مشروبات کا استعمال بڑھتا چلا جا رہا ہے۔ وزارت زراعت نے ۱۹۸۵ء کے سروے کی اساس پر بتایا ہے کہ لوگوں کی خوراک میں گوشت، انڈا، چینی، پھل اور سبزیاں بہت کم ہو گئی ہیں لیکن الکوحل اور الکحل کے استعمال میں خاصہ اضافہ ہو گیا ہے۔

وزیراعظم جونیجو نے بوئنگ جیٹ طیاروں کی خریدمیں کمیشن حاصل کرنے کے الزام کی از سر نو تحقیقات کا حکم دے دیا



نیپرو اور بیگمات برج کے درمیان سیلاب نے ریلوے لائن کو توڑ ڈالا

وزیر مملکت برائے امور خارجہ عزیز احمد نے الزامات کو بے بنیاد قرار دے دیا تھا

اسلام آباد ـــــ نیویارک کے مشہور تجارتی کاروباری جریدہ "وال سٹریٹ جرنل" نے انکشاف کیا ہے کہ پی آئی اے کی طرف سے بوئنگ جیٹ طیاروں کی خرید میں کمیشن وصول کرنے کے الزام کی تحقیقات شروع کرائی گئی تھیں [illegible]

[illegible]

ماہنامہ کے ایڈیٹر کی ضمانت قبل از گرفتاری

لاہور ـــــ (سٹاف رپورٹر) [illegible]

[illegible]

لاہور ـــــ (سٹاف رپورٹر) [illegible]

ہر سال ۴۸ ہزار افراد غیر قانونی طور پر بیرون ملک جاتے ہیں

ریکروٹنگ ایجنٹس پاکستانیوں کو ملازمت دلانے کیلئے حکومت سے تعاون کریں

عوامی شکایات پر ۱۲۷ ریکروٹنگ ایجنٹوں کے لائسنس منسوخ کیے گئے: ستار گبول

[illegible]

نوید انور نوید کو پھر گرفتار کر لیا گیا

[illegible]

جمی کارٹر صدر منتخب ہو گئے تو پاکستان کے لئے ایٹمی پلانٹ کی فروخت کی مخالفت کریں گے

فرانس کے خلاف بھی سخت رویہ اختیار کیا جائے گا۔ اسلحہ کی فروخت کی پالیسی پر بھی نکتہ چینی

[illegible]

بھارتی آئین میں آمرانہ ترامیم

[illegible]

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پاکستان کو دنیا کی کوئی طاقت ختم نہیں کر سکتی — قائد اعظمؒ



اسپائس ٹاؤن اینڈ حلال میٹ

SPICE TOWN & HALAL MEAT STORE

2210 DUNDAS STREET WEST
(Near Jami Mosque)

PHONE: (416)532-8267

(Free Delivery)

حلال مرغیاں و گوشت مصالحہ جات کے علاوہ ادبی و دینی کتابیں، بچوں کے قاعدے بھی دستیاب ہیں

فریزر کیلئے اسپیشل ریٹ۔ گھر بیٹھے ڈلیوری اور آپکا صحت بخش اطمینان ہماری اعلیٰ کارکردگی کی مثال ہے

پانچویں ترمیم سے بنیادی اصول متاثر نہیں ہونگے: بھٹو

پارلیمنٹ کو آئین کے اساسی نکات کو بھی تبدیل کرنے کا اختیار حاصل ہے، قومی اسمبلی میں وزیر اعظم کی وضاحت



وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو راولپنڈی میں افطار پارٹی کے موقع پر اراکان قومی اسمبلی اور سینیٹروں سے غیر رسمی بات چیت کر رہے ہیں۔

ترمیم کا مقصد قومی اتحاد اور سالمیت کو مضبوط بنانا ہے: پیرزادہ

اپوزیشن کو بحث میں تیاری کے لیے وقت نہیں دیا گیا: پروفیسر غفور احمد

راولپنڈی ـــــ (اے پی پی) وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے کہا ہے کہ آئین میں پانچویں ترمیمی بل سے آئین کے بنیادی اصول متاثر نہیں ہوں گے۔ آج قومی اسمبلی میں پانچویں ترمیم کے بل پر عام بحث کے دوران وزیر اعظم تھوڑی دیر کے لیے بحث میں حصہ لے رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ پارلیمنٹ کو آئین کے بنیادی نکات میں بھی تبدیلی کرنے کا اختیار حاصل ہے اور وہ قانونی اور اخلاقی طور پر آئین میں ترمیم کر سکتی ہے۔ تاہم زیر بحث بل میں آئین کی بنیادی باتوں کو نہیں چھیڑا گیا۔ وزیر اعظم جمعیت العلمائے پاکستان کے رکن مولانا مصطفےٰ الازہری کے اس اعتراض کا جواب دے رہے تھے کہ تمام سیاسی جماعتوں کی طرف سے متفقہ طور پر منظور کئے جانے والے آئین کو مختلف ترمیموں کے ذریعے تبدیل کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے مولانا مصطفےٰ الازہری سے کہا کہ وہ اسمبلی کے قوانین اور ضوابط کے تحت بل کے اصولوں تک اپنی بحث کو محدود رکھیں۔

بحث کے آغاز میں پروفیسر عبدالغفور نے اعتراض اٹھایا کہ معمول کے برعکس اس دفعہ آئین میں ترمیم کے سلسلے میں اپوزیشن سے رابطہ قائم نہیں کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر قانون نے انہیں بتایا تھا کہ رواں اجلاس کے دوران آئین میں ترمیم کا بل پیش نہیں کیا جائے گا۔ اپوزیشن کو اس سلسلے میں مناسب وقت بھی نہیں دیا گیا۔ تحریک استقلال کے رکن میاں محمود علی قصوری نے کہا کہ اپوزیشن کو بحث میں حصہ لینے کی تیاری کرنے کے لئے وقت درکار ہے۔ اس لئے اگر رمضان المبارک کے پورے ماہ کے لئے اسمبلی کا اجلاس ملتوی نہیں کیا جا سکتا تو چند دن کے لئے ہی اسمبلی کا اجلاس ملتوی کر دیا جائے۔ صوبائی رابطہ اور تعلیم کے وفاقی وزیر مسٹر عبدالحفیظ پیرزادہ نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ جس دن ترمیم کا بل پیش کیا گیا تھا حکومت نے اپوزیشن کے ایک رکن مولانا مصطفےٰ الازہری کی تجویز کو قبول کرتے ہوئے بل پر بحث دو دن کے لئے ملتوی کر دی تھی۔ اگر اپوزیشن کے کچھ ارکان ایوان میں حاضر نہیں رہے تو وہ اجلاس کو مزید ملتوی کرنے کا مطالبہ نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ ایوان نے پہلے ہی اس بل پر غور کرنے کی تحریک منظور کر لی ہے اور مولانا الازہری کی طرف سے پیش کردہ ایک تحریک مسترد کی جا چکی ہے جس میں کہا گیا تھا کہ بل کو رائے عامہ معلوم کرنے کے لئے مشتہر کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کو اپنی غفلت پر کوئی رعایت نہیں دی جا سکتی۔

مسٹر پیرزادہ نے کہا کہ آئین میں مجوزہ ترمیموں کا مقصد قومی اتحاد اور سالمیت کو مضبوط بنانا ہے اور پارلیمنٹ کو یہ بالادستی حاصل ہے کہ وہ آئین میں ترمیم کر سکے۔ اگر آئین میں ترمیم کرنے کی شق موجود نہ ہوتی تو آئین ایک جامد دستاویز بن کر رہ جاتا اور وہ کسی چیلنج کا مقابلہ نہ کر سکتا۔

سمگلر سیٹھ عابد کے دو ساتھیوں کا سات دن کے لیے ریمانڈ حاصل کر لیا گیا

پولیس نے دو اور سمگلروں کو بھی شامل تفتیش کر لیا

لاہور ـــــ (نامہ نگار خصوصی) مقامی مجسٹریٹ نے کراچی کے بدنام سمگلر سیٹھ عابد کے دو ساتھیوں کا سات دن کا جسمانی ریمانڈ دے دیا ہے ... پولیس نے ان دو بدنام سمگلروں کو بھی شامل تفتیش کر لیا ہے۔



ڈیٹرائیٹ (مشی گن) ـــــ (اے پی پی - رائٹر) عالمی ہیوی ویٹ چیمپئن محمد علی نے تسلیم کیا ہے کہ وہ ایک بچی کا باپ بن گیا ہے جو اس کی ایک دوست خاتون کے بطن سے پیدا ہوئی ہے اور اس نے اس کی ماں امداد پر اتفاق کیا ہے۔ انہوں نے آج شہر ڈیٹرائیٹ کی ایک عدالت میں بیان حلفی داخل کیا اور کہا کہ انہوں نے اس ہفتے ایک معاہدے پر دستخط کر دیے ہیں جس کی رو سے بچی کو ان کی جائیداد پر وراثت کا حق ہوگا۔ بچی کی والدہ اے بنیکا نے محمد علی کو بچی کو اپنی کفالت میں رکھنے کی اجازت دے دی ہے۔ اس کا نام حنا یاسمین علی رکھا گیا ہے۔ محمد علی کی اہلیہ بیگم ویرونیکا بھی آئندہ ماہ ماں بنیں گی۔ مس بینسٹے کی عمر ۲۲ سال ہے۔

محمد علی ایک بیٹی کا باپ بن گیا

عالمی چیمپئن نے ویرونیکا پورشے سے شادی نہیں کی

بچی کو اپنے باپ کی وراثت پر حق حاصل ہوگا

پاکستان کے راستے بھارت اور ایران کے درمیان ریل کا رابطہ قائم کرنے کے لیے مذاکرات جاری ہیں: بھارتی ریلوے وزیر کا بیان

نئی دہلی ـــــ (اے پی پی/ اے ایف پی) بھارت کے جونیئر ریلوے وزیر محمد شفیع قریشی نے آج پارلیمنٹ کو بتایا کہ ایران، عراق اور بھارت کے ساتھ ریل کا رابطہ قائم کرنے کے مذاکرات تسلی بخش طور پر جاری ہیں۔ وہ ایوان زیریں میں ایک سوال کا جواب دے رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تجویز پاکستان کے تعاون کے بعد ہی کوئی شکل اختیار کر سکتی ہے۔ بظاہر وہ اس حقیقت کی طرف اشارہ کر رہے تھے کہ مجوزہ ریل کا رابطہ پاکستان ریلوے سسٹم کے ذریعے ہی قائم ہو سکتا ہے کیونکہ یہ مجوزہ گاڑیاں پاکستان سے گزریں گی۔

سیالکوٹ میں ڈیڑھ کروڑ روپے کی خفیہ دولت کا اعلان کیا گیا

سیالکوٹ ـــــ (نمائندہ خصوصی) سیالکوٹ کے دوسرے صنعت کاروں نے حکومت کی ہدایت پر گزشتہ شب ایک بجے تک ڈیڑھ کروڑ روپے کی خفیہ دولت کا اعلان کیا۔ خفیہ دولت کے گوشوارے داخل کرنے کا سلسلہ ایک بجے رات تک جاری رہا۔ سیالکوٹ میں سب سے زیادہ ساٹھ لاکھ روپے کا گوشوارہ ایک ... نے داخل کیا۔



تیرہ سالہ پاکستانی ... اپنے والدین کے ساتھ ... عدالت کے باہر ...

پاکستان اور روس کے مابین اقتصادی تعاون میں پانچ گنا اضافہ ہو جائے گا

روس کے تعاون سے دس ریڈیو سٹیشن تعمیر کیے گئے ہیں

ماسکو ـــــ (اے پی پی) پاکستان اور روس کے درمیان اقتصادی تعاون میں پانچ گنا اضافہ ہو جائے گا۔ کراچی میں روس کی سفارت خانے کی طرف سے جاری کئے جانے والے ایک پریس ریلیز کے مطابق دونوں ملک کے درمیان اقتصادی اور فنی تعاون اور پاکستان کی ترقی دینے کے سلسلے میں مختلف منصوبوں میں کافی توسیع ہوئی ہے۔ پاکستان نے روس کے تعاون سے دس ریڈیو سٹیشن تعمیر کیے ہیں جبکہ گیارہواں ریڈیو سٹیشن اسلام آباد کے قریب زیر تعمیر ہے۔ اس کے علاوہ روس پاکستان کو سٹیل مل کی تعمیر، گدو میں تھرمل پاور سٹیشن کی تعمیر اور تیل اور گیس کی تلاش کے سلسلے میں پاکستان کی مدد کر رہا ہے۔

ڈھاکہ ـــــ (ریڈیو رپورٹ) بنگلہ دیش کا وفد ... پہنچ گیا ہے۔



نعیم انتخاب اپنی بہنوں کے ساتھ حسرت و یاس کی تصویر بنے ہوئے ہیں

کلائیو لائیڈ پاکستان کے خلاف ویسٹ انڈیز کی ٹیم کے کپتان ہوں گے

پورٹ آف سپین (ٹرینیڈاڈ) ـــــ (رائٹر) ویسٹ انڈیز کرکٹ کنٹرول بورڈ کے ایک اعلان کے مطابق کلائیو لائیڈ اگلے سال پاکستانی ٹیم کے خلاف ویسٹ انڈیز کرکٹ ٹیم کے کپتان ہوں گے۔ اس ٹیم نے کیپٹن لائیڈ کی قیادت میں انگلینڈ کی ٹیم کو شکست دی ہے اور سیریز کا سلسلہ جیت لیا ہے۔ پاکستان جنوری میں ویسٹ انڈیز کا چار ماہ کا دورہ کرے گا۔

وزیر اعظم بھٹو کی انتخابی ٹرین

لاموسے لاموتک

حسنین جاوید

شنید ہے کہ جدید ترین سامان سے لیس ایک ریلوے سیلون پاکستان کے آئندہ انتخابات کی انتخابی سرگرمیوں کے سلسلے میں وزیر اعظم پاکستان ذوالفقار علی بھٹو نے خصوصی طور پر تیار کروایا ہے اور اسی کے سہارے وہ عوام کے زیادہ سے زیادہ قریب پہنچنے کی کوشش کریں گے۔ چونکہ یہ سیلون ایک اہم مقصد اور طویل دورے کے لئے تیار کرایا جا رہا ہے اس لئے اس کی آرائش اور زیبائش پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے ...

ریلوے ورکشاپ میں تیار کی گئی ... اس کا ابتدائی نقشہ ... تجویز کیا گیا تھا لیکن اب اس کی شکل ... یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ اس طرح کی سیلون امریکہ کے سابق صدر آنجہانی کینیڈی اور ... نے بھی اپنی انتخابی مہم کے سلسلے میں چلائی تھی۔ اس سیلون میں وزیر اعظم بھٹو اور بیگم نصرت بھٹو کے علاوہ ان کے دیگر اہل خانہ بھی سفر کر سکیں گے اور پاکستان میں جہاں جہاں ریل کی پٹڑی جاتی ہے وہاں جائیں گے اور عوام کے سامنے انتخابی تقریریں کریں گے۔ سیلون میں چونکہ وزیر اعظم اور ان کے اہل و عیال نے طویل عرصے تک قیام کرنا ہے ...



... کی ذمہ داری ایک عوامی سطح پر سفر کرنے والے ... وزیر اعظم بھٹو ... سیلون ...

پندرہ روزہ
کریسنٹ
ٹورونٹو کینیڈا

أَلَآ إِنَّ أَوْلِيَآءَ ٱللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

[illegible]

رمضان المبارک

شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ یعنی رمضان کا مہینہ وہ ہے جس میں قرآن نازل کیا گیا جو انسان کے لیے سراسر ہدایت ہے اور ایسی واضح تعلیمات پر مشتمل ہے جو راہ راست دکھانے والی اور حق و باطل کا فرق کھول کر رکھ دینے والی ہیں۔ لہٰذا جو شخص اس مہینے کو پائے اس کو لازم ہے کہ اس پورے مہینے کے روزے رکھے۔

روزہ تزکیۂ نفس یعنی اپنی خواہشات کو خدا کے احکام کے تابع رکھنے کا ایک بہترین ذریعہ ہے۔ اگر ہم خلوص دل سے اس جذبہ کے تحت روزے رکھیں جو روزوں کا اصل مقصد ہے تو یہ ایک ماہ کی مشق ہم کو صحیح معنوں میں مسلمان بنا سکتی ہے۔

رمضان میں ہر اُس چیز سے پرہیز کیجیے جس سے اسلام نے منع کیا ہے۔ اس کے علاوہ دوسروں کو بھی اسلامی تعلیمات سے باخبر کیجیے لیکن حسن و خوبی اور اخلاق کے ساتھ۔ غصے سے پرہیز کیجیے، صبر و ضبط کو شعار بنایئے۔ نہ دوسرے کو اشتعال دلایئے اور نہ خود مشتعل ہوں۔ گانے سننے اور ریکارڈ بجانے کی جگہ اسلام کے مستقبل اور پاکستان میں صحیح معنوں میں اسلامی معاشرہ قائم کرنے کے موضوع پر گفتگو اور تبادلۂ خیال کیجیے۔

رمضان میں سحری کھانا مسنون ہے۔ روزے کی نیت اس طرح کی جاتی ہے: وَبِصَوْمِ غَدٍ نَّوَيْتُ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ (میں نے کل کے لیے رمضان کے روزے کی نیت کی)۔ اخیر وقت سحری کھانا افضل ہے۔ اور افطار اول وقت کرنا افضل ہے۔ افطار کے وقت یہ دعا پڑھیے: اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ۔ رمضان میں تراویح پڑھنا سنت مؤکدہ ہے۔ تراویح کی ہر چار رکعت کے بعد یہ تسبیح پڑھی جاتی ہے: سُبْحَانَ ذِي الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ سُبْحَانَ ذِي الْعِزَّةِ وَالْعَظَمَةِ وَالْهَيْبَةِ وَالْقُدْرَةِ وَالْكِبْرِيَاءِ وَالْجَبَرُوْتِ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَنَامُ وَلَا يَمُوْتُ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ۔

رمضان میں اعتکاف کرنا سنت مؤکدہ علی الکفایہ ہے۔ اگر ممکن ہو تو اعتکاف بھی کیجیے۔

رمضان شب قدر کا مہینہ بھی ہے۔ رمضان کے آخری عشرے کی طاق راتوں میں سے کوئی ایک رات ہوتی ہے۔ یہ رات اپنے اندر بڑی فضیلت رکھتی ہے۔

رمضان کے اختتام پر یکم شوال کو مسلمان عیدالفطر کے نام سے ایک جشن مناتے ہیں۔ شب عید کی عبادت بڑی فضیلت رکھتی ہے۔ عید کی نماز سے پہلے صدقۂ فطر دینا نہ بھولیے۔ یہ واجب ہے۔

عیدالفطر شکر و نیاز مندی کا مظہر اور خوشی کا موقع ہے۔ عیدگاہ جاتے وقت اور وہاں سے واپس آتے ہوئے تکبیر پڑھیے:۔

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ۔

عید کی خوشی کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ اب آپ بالکل آزاد ہو گئے اور اسلام کی پابندیاں قائم نہیں رہیں۔ اگر کوئی شخص ایسا سمجھتا ہے تو یہ ایک دھوکا ہے۔ اس سے رمضان کے روزے اور اس کی عبادت غارت ہو جائے گی۔ لہٰذا عید کے دن اور اس کے بعد بھی اپنے آپ کو رمضان ہی کی طرح مسلمان بنا کر رکھیے۔ خدا اور رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کے احکام سے تجاوز کرنا کسی حالت میں بھی جائز نہیں۔

زرِ بصیرت
سید عبدالرشید

قرآن پاک

رمضان المبارک بابرکت مہینہ ہے۔ اسی ماہ میں قرآن پاک نازل ہوا۔ اس طرح قرآن پاک کو رمضان المبارک سے خاص نسبت ہے۔ اس ماہ میں قرآن پاک کی جتنی تلاوت کی جائے اور جتنا اس کے معانی پر غور کیا جائے باعث برکت ہے۔

جناب رسالتمآب کا سب سے بڑا معجزہ قرآن پاک ہے۔ چونکہ حضورؐ کا دور مبارک ہمیشہ جاری رہے گا اس لیے قرآن پاک کو بھی اللہ تعالیٰ نے محفوظ فرما دیا ہے اور اس کی حفاظت کا ذمہ خود لے لیا ہے۔ کیا یہ معجزہ در معجزہ نہیں کہ قرآن پاک کے الفاظ، حروف، آیات بلکہ زیر زبر تک میں کہیں کوئی فرق یا اختلاف نظر نہیں آتا۔ علاوہ ازیں چونکہ حضورؐ کا دور مبارک علمی تھا، بلکہ حضورؐ ہی سے موجودہ علمی دور کا آغاز ہوا۔ اس لیے آنجنابؐ کو معجزہ بھی علمی دیا گیا۔ اب جوں جوں انسان کا علم بڑھے گا، قرآن پاک کے اسرار و رموز اُس پر منکشف ہوتے جائیں گے۔

حدیث نبویؐ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو مومنوں کو آپس میں رحم کرنے محبت رکھنے اور مہربانی کرنے میں ایسا پائے گا جیسا کہ بدن ہے جب بدن کا کوئی عضو دکھتا ہے تو سارا بدن بیداری اور بخار میں اس کے ساتھ شریک ہو جاتا ہے۔

(مسلم)

سالِ قائداعظمؒ

اس سال دنیا بھر میں پاکستانی جلیل القدر بانیٔ پاکستان کی ۱۰۰ ویں سالگرہ منا رہے ہیں۔ عصر حاضر میں مسلمانوں کے سب سے بڑے محسن کی یاد کو زندہ رکھنے اور انہیں خراج عقیدت پیش کرنے کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ ملت کا ہر فرد ان کی عظیم الشان نشانی پاکستان کو مضبوط اور مستحکم تر بنانے کی کوشش کرے۔ اور یہ اسی صورت میں ممکن ہے کہ جبکہ ہم قائداعظم کے افکار، نظریات، ان کی تعلیمات، ارشادات اور ان کے اصولوں کو سامنے رکھیں اور ان کی زندگی کو مشعل راہ بنائیں۔

وطن پاک کی سالمیت اور استحکام کے لیے ضروری ہے کہ ہر پاکستانی فرد اور خاص طور پر بیرون وطن رہنے والے پاکستانی نظریۂ پاکستان اور بانیٔ پاکستان کی جس قدر تشہیر کر سکیں کریں۔ اسی غرض سے ہم ذیل کا یہ خط اپنے قارئین کی خدمت میں بطور نمونہ پیش کر رہے ہیں۔ تاکہ وہ اس طرح کے خطوط اپنے علاقوں کے اخبار و رسائل، ریڈیو اور ٹیلی ویژن اسٹیشن وغیرہ کو بھیج سکیں۔

GUEST EDITORIAL

Dear Sir,

1976 marks the hundred anniversary of Mr. Muhammad Ali Jinnah, the founder of Pakistan. Pakistanis the world over and Pakistani - Canadians in Canada particularly are celebrating this occasion with reverance and respect in honour of the founder of Pakistan.

Like the founding fathers of Canada, Mr. Jinnah was a great constitutional lawyer who was endowed with remarkable parliamentary skills. He steered the Pakistan movement with great statesmanship and never once did he transgress from the constitutional limits he had imposed upon himself.

Mr. Jinnah had earlier sought a solution to the Indian constitutional problem by referring to the great Canadian system of bilingual/bicultural pattern in existence in the early '30's and '40's. Unfortunately neither the Hindus - the majority community in British India nor the ruling British took much notice of this, resulting in the demand for a separate homeland for the 100 million Muslims of British India, to be called Pakistan.

As Pakistani Canadians celebrate this centennial year we request that you include an editorial on the life and times of the man who helped shape the history and geography of south Asia in no small way. Also, by his efforts, he inspired the freedom - loving people throughout the world to seek justice and equity for their peoples and countries.

[illegible]
... قائداعظم حضرت محمد علی جناح کا سال پیدائش ...

[illegible]

یہ قائداعظمؒ کا سال ہے


اتحاد - ایمان - نظم و ضبط

قائداعظم نے فرمایا

سیاست میں جو خوبی سب سے زیادہ ... [illegible]

کردار کی اہمیت

[illegible]



[illegible]

قائدِ اعظم نمبر

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

کریسنٹ
ٹورونٹو کینیڈا

۱۰ مئی ۱۹۸۶ء مطابق ۱۲ رمضان ۱۴۰۶ھ — جلد نمبر ۵ شمارہ ۱۳۰

مطالبہ پاکستان کی بنیادی وجہ

مسلمانوں کی تمام تر مذہبی رواداری اور عالی ظرفی کے باوجود ہندوؤں نے ان کے ساتھ دشمنوں کا سلوک کیا

تحریر : نوابزادہ محمد علی خاں

تاریخ پاک و ہند کا کوئی قاری اس حقیقت سے انکار نہیں کر سکتے کہ مسلمانوں نے عرب افغانستان، ترکستان اور ایران سے برصغیر میں آ کر اس سرزمین کو ہمیشہ کے لئے اپنا وطن بنا لیا۔ انہوں نے انگریزوں کی طرح یہ نہیں کیا کہ اس ملک پر حکومت کی یہاں سے دولت سمیٹی اور انگلستان بھیج دی۔ بخلاف اس کے انہوں نے ہندوستان کو اپنا وطن بنا لیا انہوں نے اس ملک سے جو کچھ حاصل کیا اسے اسی ملک اور اس کے عوام پر صرف کر دیا۔ انہوں نے کم و بیش سات سو سال تک اس ملک پر بڑے طمطراق اور شان و شوکت سے حکومت کی مگر اس کے باوجود یہاں کی اقوام کو اپنا غلام نہیں بنایا۔ نہ ان کے مذہبی معاملات میں مداخلت کی نہ بزور شمشیر کسی کو دائرہ اسلام میں داخل کیا۔ بلکہ انہوں نے اس ملک کے عوام سے نہایت رواداری کا سلوک کیا۔ انہیں ہر قسم کی مذہبی آزادی عطا کی اور انہیں امور حکومت میں اسی طرح شریک کیا جس طرح وہ خود مسلمان اکابر شریک تھے۔ مگر مسلمان حکمرانوں کی اس تمام تر مذہبی رواداری اور عالی ظرفی کے باوجود ہندوؤں نے ہمیشہ مسلمانوں کے ساتھ منافقانہ، جارحانہ اور دشمنوں کا سا سلوک کیا۔ اکبر اور اس کے جانشینوں نے ہندوؤں کو اپنا دوست بنانے کے لئے یہاں تک کیا کہ ان کے ساتھ شادی بیاہ کا سلسلہ شروع کر دیا اور یہاں تک کہ ہندوؤں کی بعض رسومات کو بھی اختیار کر لیا ان تمام کوششوں کا صرف ایک ہی مقصد تھا کہ ہندوؤں کے دل سے مسلمانوں کے متعلق منافقت کا جذبہ ختم ہو جائے۔

مسلمانوں کی طرف سے ہندوؤں کی جانب دستِ تعاون بڑھانے کا یہ سلسلہ صرف اکبر پر ہی ختم نہیں ہوا بلکہ دوسرے مسلمان اکابر نے ہر دور میں ہندو مسلم اتحاد کی بھرپور کوششیں کیں۔ جب ہندوستان میں تحریک خلافت کا آغاز ہوا۔ اور مسلمانوں نے گاندھی اور شردھانند جیسے لیڈروں کو دہلی کی جامع مسجد کے منبر پر لے جا کر تقریریں کروائیں تاکہ ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان منافرت کی بجائے محبت کا جذبہ پیدا ہو۔ خود قائداعظم نے اپنی سیاسی زندگی کا آغاز کانگریس کے پلیٹ فارم سے کیا۔ اور اس جماعت کے ایک سرکردہ رہنما کی حیثیت سے انہوں نے ہندو مسلم اتحاد کے لئے بڑی بھرپور کوششیں کیں۔ مسز سروجنی نائیڈو نے ان الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔ " مسٹر جناح ہندو مسلم اتحاد کے سفیر ہیں "۔

لیکن حضرت آئیے دیکھیں خود قائداعظم ہندو مسلم اتحاد کی کوششوں کے متعلق کیا کہتے ہیں اپنی کوششوں اور ناکامیوں کا ذکر کرتے ہوئے ۵ فروری ۱۹۳۸ء کو علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے طلباء سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے فرمایا کہ میں نے اس مسئلہ کے حل کے لئے انتھک اور مسلسل کوششیں کیں کہ ایک روزنامہ نے اس پر کہا تھا


" مسٹر جناح ہندو مسلم اتحاد کے سوال سے کبھی بیزار نہیں ہوتے، لیکن گول میز کانفرنس کے اجلاس میں مجھے اپنی زندگی کا سب سے بڑا دھچکا لگا جب خطرہ نمودار ہوتے ہی ہندو دل و دماغ ہندو جذبات اور ہندو روش نے ایسی صورت اختیار کر لی کہ باہم اتحاد کی توقع ہی اٹھ گئی ہے "۔

لیکن مسلمان اکابر کی ہندوؤں کے ساتھ ان محبت آمیز کوششوں کا جواب ملا شدھی، سنگھٹن اور انجمن انسداد گاؤ کشی جیسی زہریلی تحریکوں کا قیام تھا۔ ان تحریکوں اور فرقہ پرست ہندوؤں کی ان کوششوں کا نتیجہ یہ ہوا کہ برصغیر کی سیاسی و مذہبی فضا میں ایک آتش فشاں پھٹا اور سارا ملک ہندو مسلم فسادات کے شعلوں کی لپیٹ میں آ گیا۔

مسلمانوں کی علیحدہ قومیت اور تہذیب و معاشرت

پھر جب ۱۹۳۵ء میں انڈیا ایکٹ کے نفاذ کے بعد ہندوستان میں ہندو اکثریتی صوبوں میں کانگریسی وزارتیں قائم ہوئیں تو اس بات کے تریخ شاہد ہیں کہ ہر صوبہ مسلم اقلیت کے صوبوں میں کانگریسی وزارتوں نے مسلمانوں پر جو مظالم کئے ان کے دیکھنے والے بلکہ ان کے زخم کھانے والے ابھی بہت سے لوگ بقید حیات ہوں گے کانگریسی وزارتوں نے واردھا و دیا مندر اسکیم اور بندے ماترم کا ترانہ تعلیمی اداروں میں لازمی قرار دیکر مسلمان بچوں کو ان کے دینی عقائد سے برگشتہ کر کے ہندو مت میں ضم کرنے کی منظم کوشش کی اور مسلم اکثریتی علاقوں میں انہوں نے مسلمانوں کو معاشی طور پر مفلوج کر دیا۔


دراصل وہ اکھنڈ بھارت میں ہندو راج کے خواہشمند تھے۔ ان حالات کا قائداعظم نے بڑی باریک بینی سے جائزہ لیا۔ اور ان جیسے زیرک سیاستدان پر حقیقت پوری طرح منکشف ہو چکی تھی کہ مسلمان ہندوستان کی متحدہ حکومت میں ہندوؤں کے شریک کار کی حیثیت سے کام نہیں کر سکتے، وہ اچھی طرح جانتے تھے کہ متحدہ حکومت میں ہندو اپنی اکثریت کی بنا پر اپنی مرضی کا قانون بنا لیں گے اور ان کو کوئی روک نہ سکے گا۔ اور یہ ایسی مذہبی اکثریت ہے جو کبھی اقلیت میں تبدیل نہ ہو سکے گی اور سارا ملک مستقل طور پر فرقہ وارانہ کشمکش اور کشت و خون ریزی میں مبتلا ہو جائے گا اس لئے انہوں نے اس کا جو حل تجویز کیا وہ نہایت صحیح اور مدبرانہ تھا کہ ملک کو دو قومی نظریہ کی بنیاد پر تقسیم کر دیا جائے اور مسلم اکثریت کے علاقوں پر مشتمل ایک خود مختار اسلامی ریاست قائم کر دی جائے تاکہ اس ریاست میں مسلمان اپنے دینی نظریات کے مطابق تہذیبی اور اقتصادی و معاشی ترقی کے لئے آزادی سے کوشش کر سکیں۔ اگر قائداعظم اس منزل کی طرف قدم نہ بڑھاتے تو آج اس خطہ زمین کے مسلمانوں کو بھی اسی صورت سے دوچار ہونا پڑتا جس سے گزشتہ ۳۹ سال سے ہندوستان کے مسلمان دوچار ہیں منقسم ہندوستان کے مسلم اکثریتی علاقے کہ دوچار ہیں ان کی اقتصادی حالت





Pate…1875-1950


سردار ولبھ بھائی پٹیل



[illegible]

اوّل اوّل خود قائداعظم نے ہندو مسلم اتحاد کے لیے بھرپور کوشش کی

تباہ ہو چکی ہے، ذہنی سکون نا پید ہے۔ آئے دن فرقہ وارانہ فسادات ہوتے رہتے ہیں جن میں سینکڑوں نہیں ہزاروں مسلمان تہ تیغ کئے جا چکے ہیں۔ کروڑوں روپے کی املاک نذر آتش کی جا چکی ہیں اور بے شمار مساجد و مقابر مسمار یا ویران کئے جا چکے ہیں۔ اور ہندوستان کا ہر مسلمان اپنے



[illegible]



بیادِ قائدِ اعظم

یہ کس کی یاد میں یوں غم گسار رہتے ہیں — جھک جھک کے یہ کیوں دلفگار رہتے ہیں
غم نہاں میں دل چاک چاک پنہاں ہے — سرشکِ خون جگر اشکبار رہتے ہیں
کوئی تو ہم کو بتاؤ یہ کس کے ماتم میں — شکیب و صبر و سکوں بے قرار رہتے ہیں
ستم ہے آج وہ گلشن میں باغباں نہ رہا — کہ گل ہیں جن گلستاں میں زار رہتے ہیں
کسی کی دید کا شاید ہے انتظار ان کو — کھڑے کھڑے یہ سر رہگذار روتے ہیں
وہ کیا یار حقیقی تھا چھن گیا ان سے — کہ یہ ابر یہ کہ وقار روتے ہیں
چھپا کے چشم گہر بار آستینوں میں — وطن سے دور کہیں بے دیار رہتے ہیں
یہ کاروانِ دل زار کس نے لوٹ لیا — کہ گل کے غم سے دل داغدار رہتے ہیں

گراں بہا وہ متاعِ نگاہ نواز جو تھی
ادائے حسن کہاں ہے وہ دل گداز جو تھی

محمد یوسف میلوری